
# اچھی فٹنگ کے لیے مناسب ناپ کی اہمیّت

ایک اچھی فٹنگ کا لباس آرام دہ ہوتا ہے اور پہننے والی کی حرکات میں بھی مخل نہیں ہوتا۔اس کی ڈھال میں روانی اور تسلسل ہوتا ہے۔اس میں شکنیں نہیں پڑتیں۔ ہر سیون مناسب مقام سے شروع ہوتی ہے اور ٹھیک جگہ پر ختم ہوتی ہے۔ کندھے کی سیون صحیح جگہ پر بیٹھتی ہے اور آستین کی ڈھال میں بھی تسلسل ہوتا ہے۔ الغرض یہ کہ ایک اچھی فٹنگ کا لباس درج ذیل خصوصیات کا حامل ہوتا ہے۔




ایک اچھی فٹنگ کا لباس تیار کرنے کے لیے ڈرافٹنگ (Drafting) ضروری ہوتی ہے اور ڈرافٹنگ سے مراد "کاغذ کا ڈرافٹ" بنانا ہے۔ جو کپڑے پر رکھ کر پن کر لیا جاتا ہے۔ اور پھر سارے نشان کپڑے پر لگانے کے بعد کٹائی کی جاتی ہے۔ ڈرافٹنگ کرنے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی غلطی ہو جائے تو صرف کاغذ ضائع ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سلائی سیکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ کاغذ کا ڈرافٹ بنا کر مختلف چیزوں کو دیکھ لیا جائے کہ جو ڈیزائن بنانا ہے وہ کیسا لگتا ہے۔ تا کہ کپڑے پر بنانے سے قبل اس کا اندازہ ہو جائے۔ اس کے علاوہ وہ

حصے جہاں پر گولائی کرنی ہو۔انہیں کاغذ پر کر لینے سے مہارت ہو جاتی ہے۔اور کپڑے پر کٹائی آسان ہو جاتی ہے۔اس کے علاوہ ڈرافٹنگ سے فٹنگ ہر لحاظ سے ٹھیک آتی ہے۔کاغذ کا ڈرافٹ بنانے کا یہ مطلب نہیں کہ ہر دفعہ اس کی مدد سے لباس بنایا جائے بلکہ مہارت ہونے پر جس طرح ہر چیز کا نشان کاغذ پر لگایا جاتا ہے۔اسی طرح براہ راست کپڑے پر لگا کر کٹائی کی جاسکتی ہے۔(اس کا بیان عملی باب میں تفصیل سے کیا جائے گا۔کہ مختلف قسم کے لباس کے لیے کس طرح ڈرافٹ بنایا جاتا ہے۔) لیکن کاغذ پر ڈرفٹ بنانے اور اچھی طرح سمجھنے کے بعد کپڑے پر کٹائی کرنا آسان ہو جاتا ہے۔اس کا اندازہ آپ اس بات سے لگائیں کہ درزی تقریباً سب کٹائی کاغذ کے ڈرافٹ کے بغیر کرتے ہیں۔لیکن حساب کتاب کر کے کپڑے پر نشان ضرور لگاتے ہیں۔اس لیے شروع میں سلائی سیکھنے کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ پہلے کاغذ پر سارا حساب کتاب لگا کر ڈرافٹ بنایا جائے۔ورنہ صرف لباس میں بہت سی خامیاں رہ جائیں گی بلکہ کام بھی صفائی سے نہیں ہوگا۔مہارت ہونے پر کاغذ کی طرح کپڑے پر نشان لگائے جاسکتے ہیں۔

## ڈرافٹنگ کے بنیادی اُصول

ڈرافٹنگ کے لیے درج ذیل اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔مثلاً

1۔ مناسب کاغذ اور پنسل کا انتخاب
2۔ جسم کے مختلف حصّوں کا صحیح ناپ لینا
3۔ فارمولے کے مطابق بنیادی حصّوں کا حساب کتاب نکالنا
4۔ ڈرافٹ کو ہر لحاظ سے مکمّل کرنا

### 1۔ مناسب کاغذ اور پنسل کا انتخاب

ڈرافٹ بنانے کے لیے صحیح قسم کا کاغذ اور اچھے سکے والی پنسل استعمال کرنا ضروری ہے۔عام طور پر خاکی کاغذ اس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔کیونکہ اس کا سائز اتنا ہوتا ہے کہ تقریباً ہر قسم کے لباس کے لیے مناسب رہتا ہے۔ڈرافٹ بنانے کے لیے کاغذ کی الٹی طرف استعمال کی جاتی ہے۔کیونکہ سیدھی طرف سے کاغذ چکنا ہونے کی وجہ سے نشان لگانا مشکل ہوتا ہے۔

### 2۔ جسم کے مختلف حصوں کا صحیح ناپ لینا

کپڑا سینے میں کامیابی کافی حد تک اچھی طرح سے ناپ لینے پر منحصر ہوتی ہے۔کیونکہ نمونے کا انتخاب کرنے اور اس میں تبدیلیاں کرنے کا یہ بنیادی طریقہ ہے۔اچھی کٹائی کا انحصار بہت حد تک صحیح ناپ پر ہوتا ہے۔بہترین اور عمدہ لباس کی سلائی کے لیے جسم کے ناپ کا صحیح ہونا ضروری ہے۔عام طور پر لوگ بہت سی چیزیں اندازے سے کرتے ہیں۔جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی نہ کوئی نقص ضرور رہ جاتا ہے۔ مثلاً صحیح طریقے سے ناپ لیا جائے تو بہت حد تک فٹنگ صحیح آتی ہے۔

اپنا ناپ خود نہیں لیا جا سکتا۔ناپ لیتے وقت جسم کو آرام دہ حالت میں اور سیدھا رکھنا چاہیے۔اس کے علاوہ جسم پر زیادہ موٹا یا بھاری لباس نہیں ہونا چاہیے بلکہ جن کپڑوں پر ناپ لیا جائے وہ ہلکے اور اچھی فٹنگ والے ہونے چاہییں۔دوپٹہ بھی اتار کر ایک طرف رکھ لینا چاہیے۔کیونکہ یہ ناپ لینے میں رکاوٹ کا باعث بنتا ہے۔آسائش اور حرکت کے لیے ناپ کی ضرورت کپڑے کی ساخت اور لباس کے نمونے

پر منحصر ہوتی ہے۔ اس لیے فٹنگ کا تعین کرنے کے لیے تمام ضروری ناپ لیں اور ناپ ہمیشہ ٹھیک لیں۔ یعنی نہ بہت تنگی سے اور نہ بہت ڈھیلا کیونکہ نمونہ بناتے وقت سیون اور آسائش کی گنجائش رکھ لی جاتی ہے۔ سینہ، کولہے اور بازو کا ناپ صحیح مقام سے لیں (یعنی سب سے زیادہ اُبھرے ہوئے حصّہ سے) بازو کے لیے بھی کہنی کو ذرا سا موڑ کر ناپ لیں۔ اسی طرح گردن، مونڈھے اور کندھے کے ناپ کا بھی صحیح ہونا ضروری ہے۔ ناپ عموماً جسم کے سامنے سے لیا جاتا ہے۔ جسم کے مختلف حصّوں کا ناپ لینے کا طریقہ عملی کام میں تصاویر کے ذریعے بتایا گیا ہے۔ جو ڈرافٹ بنانے میں بہت مددگار ثابت ہوگا۔

## 3۔ فارمولے کے مطابق بنیادی حصّوں کا حساب نکالنا

ڈرافٹنگ میں ناپ لینے کے بعد یہ ایک اہم چیز ہے۔ کیونکہ ہر حصّے کا ناپ لینے کے بعد ڈرافٹ بنانے میں نشان لگانے کے لیے کچھ حساب کیا جاتا ہے۔ اگر یہ حساب پہلے کر کے ایک کاغذ پر لکھ لیا جائے تو ڈرافٹنگ بہت آسان ہو جاتی ہے۔ یوں تو حساب کتاب لباس کی نوعیت کے لحاظ سے کیا جاتا ہے لیکن یہاں قمیض کا ڈرافٹ بنانے کے لیے بنیادی حساب کا طریقہ دیا گیا ہے جو درج ذیل ہے

ڈرافٹ بنانے کے لیے پانچ بنیادی حصوں کا ناپ لکھیں۔

| نمبر شمار | جسم کے بنیادی حصے | کل ناپ | فارمولے کے مطابق ڈرافٹ کے لیے ناپ |
|---|---|---|---|
| 1 | تیرہ کی لائن | 36 س م ("14) | 1/2 تیرہ=18 س م |
| 2 | چھاتی کی لائن | 80 س م ("32) | 1/4 چھاتی+2.5 س م (آسائش کا حق)=80/4+2.5=22.5 س م |
| 3 | کمر کی لائن | 64 س م ("25) | 1/4 کمر+2.5 س م ڈارٹ کے لیے=64/4+2.5=18.5 س م |
| 4 | کولہوں کی لائن | 90 س م ("36) | 1/4 کولہے+2.5 س م (آسائش کا حق) 90/4+2.5=25 س م |
| 5 | دامن کی لائن | 25 س م ("10) | کولہوں کی لائن=دامن کی لائن |
| 6 | قمیض کی کل لمبائی | 100 س م ("40) | کل لمبائی=100 س م |

چونکہ یہ حساب ناپ کے لحاظ سے نکالا جاتا ہے۔ اس لیے دیے ہوئے طریقے کے مطابق ان بنیادی حصّوں کا حساب نکال کر الگ کاغذ یا کاپی پر لکھ کر پاس رکھ لیں۔ اور زبانی یاد کر لیں۔ اس طرح ڈرافٹ بناتے ہوئے بجائے ضرب تقسیم کرنے کے نکالے ہوئے حساب کو دیکھ کر ڈرافٹ بنایا جا سکتا ہے۔


اسی طرح شلوار کا ڈرافٹ بنانے کے لیے پائنچہ اور کندے کی لمبائی اور چوڑائی کے لیے حساب لگانا پڑتا ہے۔ اس کی تفصیل آگے عملی کام میں دی جائے گی۔ یہاں پر یہ بتانا ضروری ہے کہ ہر ڈرافٹ کا حساب لباس کے مطابق پہلے سے کر لیں تاکہ ڈرافٹ بنانے میں آسانی ہو۔

## 4۔ ڈرافٹ کو ہر لحاظ سے مکمّل کرنا

ڈرافٹنگ کا مطلب ایک لحاظ سے مکمّل لباس کا ڈرافٹ ہے۔ جس طرح قمیض بنانے کے لیے اگلا پچھلا حصّہ اور آستین بنائی جاتی ہے۔ اسی طرح کاغذ پر بھی تینوں چیزوں کا مکمّل ہونا ضروری ہے۔ اگر قمیض کالر والی ہے تو کالر کا ڈرافٹ بھی بنانا ضروری ہے۔

اسی طرح بچے کے فراک میں اُوپر کا حصہ الگ بنتا ہے اور نچلا الگ۔ اس کے علاوہ آستین اور کالر وغیرہ کا ڈرافٹ بھی کاغذ پر بنانا ضروری ہے تاکہ کٹائی کے دوران مشکل پیش نہ آئے اور سلائی کی سب لائنوں کو بالکل واضح کر کے نشان لگائے جائیں تاکہ کپڑے پر صحیح سلائی ہو سکے۔

اکثر اوقات لوگ کپڑے پر صرف کٹائی والی لائن لگا لیتے ہیں۔ لیکن وہ لائن جہاں سلائی کرنی ہوتی ہے۔ واضح نہیں کرتے جس سے سلائی صحیح جگہ پر نہیں کی جاتی اور لباس میں کوئی نہ کوئی نقص رہ جاتا ہے۔




1- لمبائی کے رُخ گرین
2- چوڑائی کے رُخ گرین

## سوالات

1۔ اچھی فٹنگ سے کیا مراد ہے؟ ایک اچھی فٹنگ کا لباس کن خصوصیات کا حامل ہوتا ہے؟

2۔ ڈرافٹنگ کے بنیادی اصول تحریر کریں۔

3۔ درست بیان پر ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔

(i) اچھی فٹنگ والے لباس کی ڈھال میں روانی اور تسلسل نہیں ہوتا۔

(ii) درزی تقریباً سب کٹائی کا غذ کا ڈرافٹ بنا کر کرتے ہیں۔

(iii) اچھی کٹائی کا انحصار بہت حد تک صحیح ناپ پر ہے۔

(iv) ناپ ہمیشہ جسم کے سامنے سے لیا جاتا ہے۔

(v) ڈرافٹنگ کا مطلب مکمل لباس کے ڈرافٹ سے ہے۔

4۔ کالم (الف) میں دیے گئے اندراج کا تعلق کالم (ب) کے کس اندراج سے ہے۔ درست جواب کو کالم (ج) میں تحریر کریں۔

| نمبر شمار | کالم (الف) | کالم (ب) | کالم (ج) |
|---|---|---|---|
| 1 | اچھی فٹنگ میں ہر سیون شروع ہوتی ہے۔ | فٹنگ ہر لحاظ سے | |
| 2 | ڈرافٹنگ سے ٹھیک آتی ہے۔ | آرام دہ ہوتا ہے | |
| 3 | ایک اچھی فٹنگ کا لباس | مناسب مقام سے | |
| 4 | ڈرافٹ بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ | کاغذ کی الٹی طرف | |